## اپنے حقوق کے بارے میں جانیں

# حمل اور زچگی کی بنیاد پر امتیازی سلوک

## OFCCP آپ کو حمل کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے بچاتا ہے

### 1. حمل میں امتیازی سلوک کیا ہے؟

حمل کی بنیاد پر امتیازی سلوک عام طور پر اس وقت ہوتا ہے جب آجر کسی ملازم یا ملازمت کے درخواست دہندہ کے ساتھ حمل، بچے کی پیدائش، یا حمل یا بچے کی پیدائش سے متعلقہ طبی حالات کی وجہ سے ناپسندیدہ سلوک کرتا ہے۔ اس قسم کا امتیازی سلوک اس وقت بھی ہو سکتا ہے جب آجر ایسی پالیسیاں یا طرز عمل اپنائیں جو خواتین کو مخصوص ملازمتوں سے خارج کر دیں کیونکہ وہ حاملہ ہو سکتی ہیں۔

### 2. میرے حقوق کیا ہیں؟

OFCCP کے ذریعہ نافذ کردہ قوانین وفاقی حکومت کے ساتھ کاروبار کرنے والی کمپنی کے لئے یہ غیر قانونی بناتے ہیں کہ وہ آپ کے حمل، بچے کی پیدائش، متعلقہ طبی حالات یا بچے پیدا کرنے کی صلاحیت کی وجہ سے ملازمت دینے، برطرف کرنے، تنخواہ، سہولیات، ملازمت کی تفویض، ترقی، ملازمت سے نکالنے، ملازمت سے متعلقہ ٹریننگ، بھرتی، اور دیگر عملے کی سرگرمیوں کے دوران آپ کے خلاف امتیازی سلوک کرے۔

اگر آپ حاملہ ہو جاتے ہیں، بچے کو جنم دیتے ہیں، یا حمل یا بچے کی پیدائش سے متعلقہ طبی حالت میں ہیں تو آپ کو کچھ تحفظ حاصل ہیں۔

- آپ کو اس وقت تک کام کرنے کی اجازت ہوتی ہے جب تک آپ اپنا کام انجام دینے کے قابل ہوتے ہیں۔
- اگر آپ اپنے حمل کی وجہ سے عارضی طور پر اپنا کام کرنے سے قاصر ہو جاتے ہیں تو آپ کے ساتھ اسی طرح کا سلوک کیا جانا چاہیے جس طرح کسی طبی حالت کے دوران کسی بھی دوسرے ملازم کے ساتھ سلوک کیا جاتا ہے۔
- جب آپ حمل کی صورت میں غیر حاضر ہوتے ہیں تو آپ اس کے حقدار ہیں کہ آپ کے آجر آپ کے لیے ملازمت کا دروازہ کھلا رکھیں؛ اسے اتنی ہی دیر کے لیے اور اسی شرائط پر کھلا رکھنا چاہئے، جس طرح دوسرے ملازمین کے لیے بیماری یا دوسری طبی چھٹیوں کے دوران ملازمت کو کھلا رکھا جاتا ہے۔
- آپ وہی فوائد کے حقدار ہیں جو چھٹی پر دوسرے کارکنوں کو حاصل ہوتے ہیں۔
- فیملی اینڈ میڈیکل لیو ایکٹ (FMLA) کے تحت آپ طبی وجوہات (حمل اور بچے کی پیدائش سمیت) اور بچوں کی دیکھ بھال کے لئے ہر سال 12 ہفتوں تک بلا معاوضہ چھٹی لینے کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ والدین میں سے دونوں FMLA کی چھٹی کے لئے کوالیفائی کر سکتے ہیں۔ FMLA کی خلاف ورزیوں کی اطلاع محکمہ لیبر کے ویج اینڈ آور ڈویژن (http://www dol.gov/whd) کو دی جانی چاہیے۔

### 3. کیا ایسی مخصوص چیزیں موجود ہیں جو میرے حاملہ ہونے، بچے کو جنم دینے، یا حمل یا بچے کی پیدائش سے متعلقہ طبی حالت میں ہونے کی صورت میں آجر میرے ساتھ نہیں کر سکتے؟

جی ہاں۔ آپ کا آجر کیا نہیں کر سکتا اس کی کچھ مثالیں دی گئی ہیں:

- آپ کے حمل کی وجہ سے آپ کو ملازمت کی پیشکش سے انکار کریں۔
- آپ کے کام کرنے کی صلاحیت کی جانچ کرنے کے لئے آپ کے حمل کو بہانے کے طور پر استعمال کریں۔ اس میں یہ شامل ہے کہ آپ کچھ خصوصی شرائط کو پورا کریں، جیسے کہ آپ یہ ظاہر کرنے کے لیے ڈاکٹر کا نوٹ فراہم کریں کہ آپ کام پر واپس آنے کے لیے ٹھیک ہیں جبکہ طبی چھٹی پر موجود دوسرے ملازمین کے لیے یہ شرائط درکار نہ ہوں۔
- اگر آپ حمل کی حالت کی وجہ سے غیر حاضر ہیں اور پھر صحت یاب ہو جاتے ہیں تو آپ کو اپنے بچے کی پیدائش تک چھٹی پر رہنے پر مجبور کریں۔
- آپ کو ملازمت سے انکار کریں کیونکہ آپ کے بچے چھوٹے ہیں، ماسوائے اس کے کہ آپ کے آجر کے پاس مرد ملازمین کے لئے بھی یہی پالیسی ہو۔
- اگر آپ کا آجر ملازم کی صحت کی انشورنس کے فوائد فراہم کرتا ہو اور آپ کے حمل سے متعلقہ ہسپتال میں داخل ہونے اور دیگر طبی اخراجات برداشت کرنے سے انکار کرے لیکن دوسرے طبی معاملات کے لیے ان اخراجات کو برداشت کرے۔
- آپ کو ایک حاملہ ملازم یا نئے والدین کے طور پر چھٹی دینے، سنیارٹی حاصل کرنے کی صلاحیت دینے، تعطیل، تنخواہ میں اضافہ اور عارضی معذوری کے فوائد کو اسی طرح دینے سے انکار کریں جس طرح دوسری وجوہات کی بناء پر طبی یا دیگر چھٹیوں پر موجود لوگوں کو دیے جاتے ہیں۔
- آپ کے حمل سے متعلقہ طبی ضروریات کے لئے رہائش فراہم کرنے سے انکار کریں جبکہ اسی طرح کی رہائش دیگر طبی ضروریات کے لئے فراہم کی جاتی ہو، مثال کے طور پر آپ کو اپنی شفٹ کے دوران بیٹھنے یا نمکین بسکٹ کھانے کی اجازت دے۔

### 4. OFCCP کس کی حفاظت کرتا ہے؟

OFCCP وفاقی حکومت کے ساتھ کاروبار کرنے والی کمپنیوں کے ملازمین اور ملازمت کے درخواست دہندگان کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے۔ اس میں بینکوں، انفارمیشن ٹیکنالوجی فرمز، گوشت کے پیکنگ پلانٹس، خوردہ اسٹورز، مینوفیکچرنگ پلانٹس، اکاؤنٹنگ فرمز، اور تعمیراتی کمپنیوں کے ملازمین شامل ہیں۔

OFFICE OF FEDERAL CONTRACT COMPLIANCE PROGRAMS
U.S. DEPARTMENT OF LABOR

### 5. اگر مجھے یقین ہے کہ میرے آجر نے حمل، بچے کی پیدائش، متعلقہ طبی حالات، یا بچے پیدا کرنے کی صلاحیت کی وجہ سے میرے ساتھ امتیازی سلوک کیا ہے تو میں کیا کروں؟

آپ OFCCP کے پاس شکایت درج کر سکتے ہیں۔ آپ کو شکایت درج کرنے کے لیے یقینی طور پر یہ جاننے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ کا آجر ایک وفاقی ٹھیکیدار ہے یا ذیلی ٹھیکیدار ہے۔

### 6. میں OFCCP کے ذریعے شکایت کیسے درج کر سکتا ہوں؟

آپ امتیازی سلوک کی شکایت اس کے ذریعے درج کروا سکتے ہیں:

- OFCCP کی ویب سائٹ کے ذریعہ آن لائن ایک فارم مکمل پُر کرنا اور جمع کروانا؛
- OFCCP کے دفتر میں ذاتی طور پر ایک فارم مکمل کرنا؛ یا
- میلنگ، ای میلنگ، یا OFCCP کے علاقائی دفتر میں ایک مکمل شدہ فارم فیکس کرنا جو اس جگہ کو واضح کرے جہاں مبینہ امتیازی سلوک ہوا۔

فارم http://www.dol. gov/ofccp/regs/compliance/pdf/pdfstart.htm پر آن لائن دستیاب ہے۔ اور OFCCP کے تمام دفاتر میں کاغذ کی شکل میں دستیاب ہے۔ اپنے قریب ترین دفتر کو تلاش کرنے کے لئے،

http://www.dol.gov/ofccp/contacts/ofnation2.htm. میں OFCCP دفاتر کی آن لائن فہرست ملاحظہ کریں۔

آپ کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ آپ نے اپنے مکمل شدہ شکایتی فارم پر دستخط کرنے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو، OFCCP پھر بھی آپ کی شکایت لے گا لیکن OFCCP کا تفتیش کار آپ سے فالو اَپ انٹرویو کے دوران فارم پر دستخط کرنے کے لئے کہے گا۔ نسل، رنگ، مذہب، جنس، جنسی رجحان، جنسی شناخت، یا قومیت کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا الزام عائد کرنے والی شکایات کو مبینہ امتیازی سلوک کی تاریخ سے 180 دن کے اندر اندر درج کیا جانا چاہئے، ماسوائے دائر کرنے کا وقت کسی اچھے مقصد کے لئے بڑھایا نہ جائے۔ اسی طرح 180 دن کا ٹائم فریم ان شکایات پر بھی لاگو ہوتا ہے جن میں تنخواہ کے بارے میں تبادلہ خیال، انکشاف، یا پوچھ گچھ کے لئے امتیازی سلوک کا الزام لگایا گیا ہو۔

### 7. کیا میرا آجر میرے شکایت درج کروانے کی وجہ سے مجھ سے کم موافق سلوک، تنزلی یا ملازمت سے نکال سکتا ہے؟

جی نہیں۔ شکایت درج کرنے یا تحقیقات میں حصہ لینے پر آپ کے آجر کے لئے آپ کے خلاف انتقامی کارروائی کرنا غیر قانونی ہے۔ OFCCP کے قواعد و ضوابط اپنے حقوق پر زور دینے کے لیے آپ کو ہراساں کرنے، ڈرانے، دھمکانے، جبر، اور انتقامی کارروائی سے بچاتے ہیں۔

### 8. کیا میں OFCCP اور مساوی روزگار کے مواقع کے کمیشن (EEOC) دونوں کو امتیازی سلوک کی شکایت درج کروا سکتا ہوں؟

جی ہاں، اگر آپ OFCCP اور EEOC دونوں کے پاس شکایت درج کرتے ہیں تو، آپ کی شکایت کی مناسب ایجنسی کی طرف سے تحقیقات کی جائے گی۔ کچھ چیزوں میں، OFCCP اور EEOC آپ کی شکایت کی تحقیقات کے لئے مل کر کام کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔

OFCCP عام طور پر حمل کے امتیازی سلوک کا الزام عائد کرنے والی انفرادی شکایات EEOC کو بھیج دیتا ہے۔ تاہم، OFCCP عام طور پر وفاقی ٹھیکیداروں کے خلاف درج کردہ شکایات رکھتا ہے جہاں امتیازی سلوک کا ایک ایسا نمونہ دکھائی دیتا ہے جو ملازمین یا درخواست دہندگان کے ایک گروپ کو متاثر کرتا ہے۔ OFCCP عام طور پر وفاقی ٹھیکیداروں کے خلاف درج کردہ ایسی شکایات بھی رکھتا ہے جو کسی شخص کے جنسی رجحان یا جنسی شناخت، معذوری، یا محفوظ فوجی سٹیٹس کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا الزام لگایا گیا ہو۔ عام طور پر، OFCCP وفاقی ٹھیکیداروں کے خلاف درج کردہ ایسی شکایات کو رکھتا ہے جس میں تنخواہ کے بارے میں پوچھنے، تبادلہ خیال کرنے یا تنخواہ ظاہر کرنے کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا الزام عائد کیا گیا ہو۔

### 9. اگر یہ پتہ چلتا ہے کہ میں ملازمت کے امتیازی سلوک کا شکار تھا تو کیا ہو گا؟

آپ کسی ایسی تلافی کے حقدار ہو سکتے ہیں جو آپ کو اس پوزیشن میں رکھے جس میں آپ ہو سکتے تھے اگر آپ کے ساتھ کبھی امتیازی سلوک نہ ہوتا۔ آپ ملازمت پر رکھنے، ترقی دینے، بحال کرنے، یا دوبارہ تفویض کرنے کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ آپ پچھلی تنخواہ، اضافی تنخواہ، تنخواہ میں اضافہ یا ان تلافیوں کے کچھ مجموعہ کے بھی حقدار ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، اگر OFCCP کو پتہ چلتا ہے کہ وفاقی ٹھیکیدار یا ذیلی ٹھیکیدار امتیازی سلوک کرتا ہے تو، OFCCP مستقبل کے وفاقی معاہدوں کے لئے اس کمپنی پر غور و فکر روکنے یا اسے ہٹانے یا کمپنی کے موجودہ معاہدوں میں ترمیم کرنے یا انہیں منسوخ کرنے کی کوشش کر سکتا ہے۔


مزید معلومات کے لیے:

یو ایس ڈپارٹمنٹ آف لیبر

آفس آف فیڈرل کنٹریکٹ کمپلائنس پروگرامز

200 کانسٹیٹیوشن ایونیو، این ڈبلیو واشنگٹن، ڈی۔ سی 20210

1-800-397-6251

TTY: 1-877-889-5627

www.dol.gov/ofccp



براہ کرم نوٹ کریں کہ یہ حقائق کا گوشوارہ عام معلومات فراہم کرتا ہے. اس کا مقصد اس میں بیان کردہ پروگرام کے بارے میں اصل قانون اور قواعد و ضوابط کا متبادل ہونا نہیں ہے۔